اکرام اللہ ساجد

تبصرۂ کتب

نام کتاب: تذکار حافظ عبدالغفور جہلمی رحمۃ اللہ علیہ

مصنف: قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری

ناشر: مکتبہ تعلیم الاسلام، جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن (فیصل آباد)

ضخامت: ۱۹۲ صفحات

مجلّد، خوبصورت گرد پوش، سفید کاغذ، کتابت وطباعت بہترین ـــــ کتاب پر قیمت درج نہیں!

مولانا قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری کو اللہ تعالیٰ نے سوانح نگاری کے فن میں ملکہ راسخہ عطا فرمایا ہے، بلکہ تاریخ کے کسی بھی موضوع پر ان کا قلم رواں دواں رہتا ہے۔ برصغیر پاک وہند میں اہل حدیث کی تاریخ پر تو انھیں خصوصی عبور حاصل ہے ـــــ قبل ازیں درجن کے قریب ان کی تصانیف قارئین تک پہنچ کر ان سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

حضرت مولانا حافظ عبدالغفور جہلمیؒ سے قاضی صاحب کے گہرے مراسم رہے ہیں، اسی بناء پر آپ ان سے متعلق وسیع معلومات رکھتے ہیں ـــــ زیرِ نظر کتاب میں انھوں نے ان تمام معلومات کو ترتیب کے ساتھ سمو دیا ہے!

مولانا حافظ عبدالغفورؒ کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں، آپ کو دین کے ایک مخلص اور بے لوث داعی کی حیثیت سے اہلِ پاکستان ہی نہیں، عرب ممالک کے عوام بھی قریب سے جانتے پہچانتے ہیں۔ آپ کی پوری زندگی کتاب وسنّت کی ترویج اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے وقف رہی۔ خدمتِ دینِ حقہ کے لیے آپ نے جہلم شہر کو اپنی سرگرمیوں کا مرکز بنایا، اور آج اس شہر کا گوشہ گوشہ ان کی گرانقدر دینی خدمات پر بزبانِ حال شاہد ہے ـــــ جامعہ علوم اثریہ، جامعہ اثریہ للبنات، اثریہ ہسپتال اور اثریہ فری ڈسپنسری کے علاوہ جہلم شہر میں اس وقت اہل حدیث کی بندہ مساجد اس مردِ مومن کے لیے صدقۂ جاریہ ہیں، اور ان سب کا انتظام وانصرام بھی انہی کی قابل وصالح اولاد کے سپرد ہے ـــــ